★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 28......شمارہ نمبر 07 بروز بدھ 7 اکتوبر 2026ء 24 ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

محفوظ اور منصفانہ ہجرت پاکستان کی اہم ترجیح ہے، چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ محفوظ اور منصفانہ ہجرت پاکستان کی اہم ترجیح ہے، منصفانہ بھرتی، مزدوروں کی نقل مکانی اور کارکنوں کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون جاری رہے گا۔ وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین سے مزدوروں کی عالمی تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ہونگبو کی اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔

احسن اقبال کا جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ سے رابطہ

اسلام آباد (آن لائن) پٹرولیم لیوی کے معاملے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے مابین ملاقات کے لیے حکومتی اور جماعت اسلامی کی کمیٹیوں کی ملاقات جلد متوقع ہے۔ منگل کو وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کے سلسلے میں جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا اور لیاقت بلوچ کو وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا۔ لیاقت بلوچ نے بتایا کہ وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات کے لیے دونوں کمیٹیاں جلد شیڈول طے کریں گی۔

محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن کو حکومت سے مذاکرات کیلئے ہدایات جاری کردیں

اسلام آباد (آن لائن) محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن رہنماؤں کو حکومت کی جانب سے مذاکرات کیلئے رابطے کی صورت میں مثبت جواب دینے کی ہدایات جاری کر دیں۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے اپوزیشن رہنماؤں کو (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

جاری دہشتگردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سیکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، صدر زرداری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر اظہار تشویش کرتے ہوئے ڈیرہ اسماعیل خان میں فائرنگ کے واقعات میں ٹریفک اہلکار اور کسٹمز اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا ہے۔ ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بلاول بھٹو زرداری نے تھر ماڈل کو ملکی ترقی کا کامیاب نسخہ قرار دے دیا

مٹھی / اسلام کوٹ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تھر کول منصوبے کی توسیع اور پاکستان کے پہلے کوئلہ خشک کرنے والے یونٹ کا افتتاح کر دیا۔ اس تاریخی پیش رفت کے موقع پر انہوں نے تھر پارکر کی غیر معمولی ترقی کو 18 (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا نوجوانوں کیلئے بڑا اقدام، ایک ہزار سے زائد کی تربیت مکمل، بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس، کوئٹہ میں جدید سیکیورٹی نظام قائم کرنے کا فیصلہ

غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 871 پولیس اہلکاروں کو برطرف کیا جا چکا، مختلف شخصیات کے ساتھ تعینات 1,005 پولیس اہلکاروں کی خدمات واپس محکمہ پولیس کے حوالے کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے خصوصی اقدامات برائے نوجوانان کے تحت محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہوگیا، جس میں صوبے کے مختلف اضلاع سے ایک ہزار سے زائد طلبہ و طالبات نے تربیت حاصل کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کی سرپرستی میں جاری اس پروگرام کے تحت مجموعی طور پر صوبے کے دو ہزار سے زائد نوجوانوں کو دو مراحل میں تربیت فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں نوجوانوں کے لیے چار روزہ تربیتی سیشنز کا انعقاد کیا گیا، جن میں کمیونیکیشن اور انٹرپرسنل اسکلز، لیڈرشپ، انٹرپرینیورشپ، کیریئر کاؤنسلنگ، سی وی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت مذاکرات میں بیٹھنے کیلئے تیار ہے پی ٹی آئی قیادت سے کہتا، ہوش کے ناخن لیں ٹھنڈے دل سے سوچیں، دھرنوں اور لانگ مارچ کی سیاست کو ترک کریں

اڑھائی سال کی اجتماعی کاوشوں کے ساتھ ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، معاشی اشاریے بہتر ہوئے برآمدات، ترسیلات زر، پیداوار میں اضافہ ہوا، وزیراعظم

دھرنے ختم کریں پھر بات ہوگی، وزیراعظم کی اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت

اجتماعی کاوشوں کے ساتھ ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، معیشت کو نقصان پہنچانا ترقی کا پہیہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں تو اور کیا ہے؟، شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت سے کہتا ہوں کہ ہوش کے ناخن لیں ٹھنڈے دل سے سوچیں، دھرنوں اور لانگ مارچ کی سیاست کو ترک کریں۔ حکومت مذاکرات میں بیٹھنے کے لئے تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کشمیر چوک انڈر پاس کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کشمیر چوک کی توسیع حوالے سے انڈر پاس کا ابھی سنگ بنیاد (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

چیئرمین سینیٹ کا جامع طرز حکمرانی، امن اور عالمی تعاون کے فروغ پر زور

دنیا کو تنازعات، دہشت گردی اور جغرافیائی سیاسی کشیدگی کا سامنا ہے: یوسف رضا گیلانی

اروشا (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے جامع طرز حکمرانی، امن، مکالمے اور سب کے لیے مساوی مواقع کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پائیدار ترقی اور انسانی بااختیاری کا عالمی امن و استحکام سے گہرا تعلق ہے۔ اروشا، تنزانیہ میں بین الپارلیمانی یونین کی 153ویں اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے سید یوسف رضا گیلانی نے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

مستونگ، 2 نامعلوم مسلح نقاب پوش گن پوائنٹ پر نوجوان سے موٹر سائیکل چھین کر لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں 2 نامعلوم مسلح نقاب پوش گن پوائنٹ پر نوجوان سے موٹر سائیکل چھین کر لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

افغانستان سے ابھرتی دہشتگردی پاکستان اور خطے کو مسلسل نشانہ بنارہی ہے، محمد صادق

طالبان رجیم اور فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان، داعش خراسان اور القاعدہ کا گٹھ جوڑ خطے کیلئے سنگین خطرہ ہے

ماسکو (آن لائن) پاکستان کے نمائندہ خصوصی برائے افغانستان محمد صادق نے کہا ہے کہ افغانستان سے ابھرتی دہشتگردی پاکستان اور خطے کو مسلسل نشانہ بنارہی ہے، طالبان رجیم اور فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان، ETIM، داعش خراسان اور القاعدہ کا گٹھ جوڑ خطے کے لیے سنگین خطرہ ہے، یہ بدستور افغان سرزمین پر بلا روک ٹوک سرگرم ہیں۔ روس (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کوئٹہ پولیس کی موٹر سائیکل سنیچر سمیت ملوث ملزمان غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل سنیچر سمیت ملوث ملزمان غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

مذاکرات کی ناکامی کی ذمہ دار کے پی حکومت ہے، طلال چوہدری

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیاسی اسپیس دی جاسکتی ہے، میڈیا سے گفتگو

مذاکرات آخری مرحلے میں وزیراعلیٰ کی نئی شرائط سے ناکام ہوئے، وزیر مملکت

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اپوزیشن کی جانب سے مذاکرات کی ناکامی کا ملبہ حکومت پر ڈالنے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات آخری مرحلے میں خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ کی نئی شرائط کے باعث ناکام ہوئے۔ پہلے مرحلے میں دہشت گردی کے معاملے پر اتفاق ہوچکا تھا اور مذاکرات کے ذریعے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق لانے کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جارہے ہیں، گورنر بلوچستان

بلوچستان کے کیڈٹ کالجز کے بورڈ آف گورنرز کا 19 ویں اجلاس

طلبہ اور اسٹاف کیلئے موثر ٹرانسپورٹ اور فول پروف سیکورٹی کے انتظامات بھی یقینی بنائے جائیں گے، جعفر خان مندوخیل

ہم کیڈٹ کالجز کے اساتذہ اور اسٹاف کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق بہترین سہولیات فراہم کرینگے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے میں کیڈٹ کالجز کی تعداد بڑھانے کے بجائے موجودہ کیڈٹ کالجز کے معیار اور کارکردگی کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق لانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ مزید طلبہ کیلئے گنجائش پیدا کرنے اور ان پر تعلیمی فیس کا اضافی بوجھ ڈالنے کے بجائے ہماری ترجیح موجودہ کیڈٹ کالجز کے اساتذہ اور زیر تعلیم کیڈٹس کو بہتر سہولیات، معیاری تعلیم اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔ کیڈٹ کالجز کی تمام انتظامی، تدریسی اور بنیادی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جا (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

توسیع شدہ ورژن جدید ایویانکس اور جدید نیوی گیشنل نظام سے لیس، مختلف تکنیکی ذیلی نظاموں کے پیرامیٹرز کی بھی کامیاب توثیق

پاکستان کا مقامی طور پر تیار کردہ فتح-4 کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے فتح-4 کے توسیع شدہ ورژن کے کامیاب تجرباتی لانچ کو سراہا

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان نے دفاعی صلاحیتوں میں ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے مقامی طور پر تیار کردہ فتح-4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیع شدہ ورژن کا کامیاب تجرباتی لانچ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق جدید (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

سرمائے کی تشکیل اور پائیدار معاشی ترقی میں تبدیل کرنے پر توجہ دے رہی ہے، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ اور آئی ایف سی کے درمیان نجی سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے آئی ایف سی کے پاکستان، افغانستان، کرغز جمہوریہ، تاجکستان اور ترکمانستان کے ڈائریکٹر مسٹر سائمن ایڈ ریوز سے ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ آئی ایف سی پاکستان کی پرنسپل کنٹری آفیسر، ناز (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کوئٹہ، کلی شموزئی بائی پاس سے نوجوان کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے کلی شموزئی بائی پاس سے نوجوان کی نعش برآمد جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایک نامعلوم شخص کی نعش شموزئی بائی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور کارپوریشنز نے 61 ارب 32 کروڑ روپے خرچ کرلیے

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 220 ارب 72 کروڑ روپے کے ترقیاتی فنڈز جاری

اسلام آباد (آن لائن) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران وفاقی حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کے لیے مجموعی طور پر 220 ارب 72 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کیے، جن میں سے وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور کارپوریشنز سمیت متعلقہ اداروں نے 61 ارب (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

سرکاری حج سکیم میں دوسری قسط کی وصولی کا سلسلہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری حج سکیم میں دوسری قسط کی وصولی کا سلسلہ جاری، پہلے دن 14 ہزار سے زائد عازمین نے ادائیگی (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پاکستان، نوجوانوں کیلئے باوقار روزگار کے حوالے سے آئی ایل او سے مثبت شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

وزیراعظم سے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کی ملاقات

ڈائریکٹر جنرل کا پاکستان کے ساتھ ملکر افرادی قوت کے تحفظ، پیشہ ورانہ ترقی اور خوشحالی کی مشترکہ کاوشیں آگے بڑھانے کی خواہش کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان، نوجوانوں کیلئے باوقار روزگار کے حوالے سے آئی ایل او سے مثبت شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے اپنے وفد کے ہمراہ منگل کو اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کا پرتپاک (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

گوتریس کو پاکستان کے جدید نظام آفات سے نمٹنے، قبل از وقت انتباہ اور نئی ٹیکنالوجی کے استعمال پر تفصیلی بریفنگ

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا این ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

جدت اور عالمی شراکت داری کے ذریعے پاکستان سمیت خطے میں آفات سے نمٹنے کی صلاحیتوں کو مزید موثر بنانے کے عزم کا بھی اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں انہیں نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر میں پاکستان کے جدید اور فعال نظام آفات سے نمٹنے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک کی جانب سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو پاکستان میں آفات سے نمٹنے، خطرات کے تدارک (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد کو خوبصورت، گرین اور کیش لیس سٹی بنائیں گے، محسن نقوی

ایف نائن پارک کے حجم کا ایک اور پارک بنانے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے تحت ایس سی او کانفرنس سے قبل اسلام آباد کو ایک مختلف، خوبصورت اور جدید (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

ڈی آئی خان، فائرنگ کے 2 مختلف واقعات میں 5 اہلکار شہید

ایسی بزدلانہ کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو کمزور نہیں کرسکتیں

ڈیرہ اسماعیل خان (آن لائن) ڈیرہ اسماعیل خان میں چند ہی گھنٹوں کے دوران فائرنگ کے 2 مختلف واقعات میں 5 اہلکار شہید ہوگئے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

مسلم لیگ (ن) کی صوبائی سیکریٹریٹ کا قیام پارٹی کارکنوں کیلئے اہم پیش رفت ہے، عرض محمد بزنجو

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ ن رخشان ڈویژن کے صدر حاجی عرض محمد بزنجو، مکران ڈویژن کے صدر اشرف ساگر بلوچ، سبی ڈویژن کے صدر قربان مگسی، لورالائی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 5 خوارج ہلاک، 2 زخمی

ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکیورٹی ذرائع

شمالی وزیرستان، اسلام آباد (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان اور گرد و نواح میں دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے 5 خوارج کو ہلاک جبکہ 2 کو زخمی کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان اور ملحقہ علاقوں میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ کارروائی سے قبل علاقے میں دہشت گرد عناصر کی نقل و حرکت اور سرگرمیوں پر مسلسل کڑی نگرانی کی جارہی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ انٹیلی جنس معلومات کی روشنی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

پاکستان، آئی ایم ایف مذاکرات میں شوگر پالیسی، فیول سبسڈی اور توانائی شعبے کے امور پر بات چیت جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان جاری مذاکرات میں شوگر سیکٹر کی ڈی ریگولیشن، فیول سبسڈی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کمشنر سبی عرفان اللہ خان کی زیر صدارت محکمہ زراعت کی پروگریس ریویو میٹنگ

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیر صدارت محکمہ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

تحصیل آفس گنداخہ مکمل طور پر بحال، تمام عملہ دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف

گنداخہ (آن لائن) تحصیل آفس گنداخہ مکمل طور پر بحال، تمام عملہ دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف تحصیل آفس گنداخہ کی عمارت مکمل طور پر بحال اور مرمت و تزئین کا کام (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ریاض: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار و دیگر کا مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت ... اعلان کے موقع پر گروپ فوٹو

مشترکہ دفاعی معاہدے پر خبر رساں ادارے 'رائٹرز' کی رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (آن لائن) وزارت اطلاعات و نشریات نے واضح کیا ہے کہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر خبر رساں ادارے 'رائٹرز' کی رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں اور زور دیا ہے کہ ایسے معاملات میں غیر مصدقہ اور گمنام ذرائع پر مبنی قیاس آرائیوں سے گریز کرنا دانشمندی ہوگی، سیاسی بیانات پر انحصار کیا جائے۔ وزارت اطلاعات (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

اسحاق ڈار سے برطانوی وزیر مملکت اسٹیفن ڈوٹی کی ملاقات

سرمایہ کاری، تعلیم اور سیکیورٹی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کا عزم

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے برطانوی وزیر مملکت برائے مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان و پاکستان اسٹیفن ڈوٹی نے اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات سمیت علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ فریقین نے تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم، سیکیورٹی اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور خطے میں تیزی سے بدلتی صورتحال پر تشویش (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ہارون اختر خان سے ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیو کی ملاقات

تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیو کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور معاشی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کا خواہاں ہے، ازبک صدر کا جلد دورہ پاکستان متوقع ہے، ملاقات میں دورے کی تیاریوں اور باہمی تعاون کے امور پر گفتگو کی گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

بلوچستان کیساتھ ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں ناانصافی برداشت نہیں کی جائیگی، سینیٹر محمد عبدالقادر

فنڈز کی کمی صرف تعمیراتی کام کی رفتار متاثر نہیں کرتی بلکہ ہر گزرتے سال کے ساتھ منصوبوں کی مجموعی لاگت بھی بڑھ جاتی ہے

بلوچستان کے عوام مزید غیر معینہ تاخیر کے متحمل نہیں ہوسکتے انہیں اعلانات کے ساتھ عملی پیش رفت اور مکمل، محفوظ شاہراہیں چاہئیں

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان میں قومی شاہراہوں کے جاری منصوبوں کے لیے ناکافی فنڈز کی فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ وفاقی حکومت، وزارت منصوبہ بندی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی صوبے کے برسوں سے زیر التوا منصوبوں کی تکمیل کے لیے فوری اور موثر اقدامات کریں۔ یہاں جاری ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

آئی سی سی نے 4 طالبان رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری عوامی کردیے

ہبت اللہ اخوندزادہ سمیت اعلیٰ قیادت پر انسانیت کے خلاف جرائم کے الزامات

متعلقہ طالبان عہدیداروں کی ممکنہ انفرادی فوجداری ذمہ داری کے تناظر میں بھی زیر بحث آئے گا

دی ہیگ (آن لائن) بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) نے افغانستان سے متعلق طالبان کے چار سینئر رہنماؤں کے خلاف پہلے سے جاری وارنٹس گرفتاری کو عوامی کردیا ہے۔ عدالت کے مطابق یہ وارنٹس طالبان حکومت کی جانب سے خواتین اور لڑکیوں کے خلاف مبینہ صنفی و سیاسی بنیادوں پر انسانیت کے خلاف جرائم میں ان رہنماؤں کی ذمہ داری (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پاکستان چاہتا ہے کہ تنازعات کے حل کیلئے اقوام متحدہ کی مرکزی حیثیت برقرار رہے، اسحاق ڈار

فلسطینی عوام کو حق خودارادیت ملنے تک امن ممکن نہیں، تمام فریق آزاد تجارتی نقل و حرکت کو یقینی، مذاکرات پر واپس آئیں، گوتریس

2022 کے سیلاب میں دیکھے تباہی کے مناظر کبھی نہیں بھلا سکتا، ترقی یافتہ ممالک کو وعدوں کا احترام کرنا چاہئے، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان چاہتا ہے کہ تنازعات کے حل کے لئے اقوام متحدہ کی مرکزی حیثیت برقرار رہے، یقینی بنانا ہوگا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کے تحت ذمہ داریاں پوری کرے جبکہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ فلسطینی عوام کو حق خودارادیت ملنے تک خطے میں امن ممکن نہیں، 2022 کے سیلاب میں دیکھے تباہی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

نجی شعبے کی ترقی

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پیداواری سرمایہ کاری کے لیے ملکی وسائل کے ساتھ بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کی مالی معاونت سے فائدہ اٹھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز، کاروباری افراد، زراعت اور ہاؤسنگ کے لیے طویل مدتی اور قابل استطاعت مالی سہولیات تک بہتر رسائی سے نجی سرمایہ کاری بڑھے گی، کاروبار کو وسعت ملے گی اور پیداواری سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے یہ بات منگل کو یہاں آئی ایف سی کے پاکستان، افغانستان، کرغز جمہوریہ، تاجکستان اور ترکمانستان کے ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز سے ملاقات میں کہی۔ آئی ایف سی پاکستان کی پرنسپل کنٹری آفیسر ناز خان بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ ملاقات میں پاکستان میں نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے کے لیے آئی ایف سی کی جاری اور ممکنہ معاونت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے آئی ایف سی کے نمائندوں کا خیر مقدم کیا اور پاکستان کے ساتھ بالخصوص نجی شعبے کے لیے مالی معاونت اور سرمایہ کاری پر مبنی معاشی ترقی کے حوالے سے آئی ایف سی کی مسلسل شراکت داری کو سراہا۔ انہوں نے کاروباری افراد، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار، زراعت، سستی رہائش اور سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری کو نجی سرمایہ کاری بڑھانے کے اہم شعبے قرار دیا۔ وزیر خزانہ نے پاکستان میں بہتر ہوتے معاشی استحکام اور سرمایہ کاروں کے بڑھتے اعتماد کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اب ان کامیابیوں کو زیادہ سرمایہ کاری، سرمائے کی تشکیل اور نجی شعبے کی قیادت میں پائیدار معاشی ترقی میں تبدیل کرنے پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے ملکی اور بین الاقوامی نجی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 01

انٹنگ اور موک انٹرویوز سمیت روزگار اور عملی زندگی سے متعلق اہم مہارتوں پر خصوصی توجہ دی گئی۔ یہ تربیتی سرگرمیاں کوئٹہ، پنجگور، لورالائی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، نوشکی، پشین، گوادر، پسنی، تربت، قلات، لسبیلہ، خاران، خضدار اور حب سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں منعقد کی گئیں۔ محکمہ امور نوجوانان کے مطابق تربیت کے لیے ماہر اور تجربہ کار ٹرینرز کی خدمات حاصل کی گئیں، جنہوں نے نوجوانوں کو نظریاتی معلومات کے ساتھ عملی مشقوں، کیریئر پلاننگ، بہتر سی وی کی تیاری اور ملازمت کے انٹرویوز کا سامنا کرنے کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کی۔ پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، ان کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ اور انہیں روزگار، کاروبار اور مستقبل کے بہتر مواقع کے لیے تیار کرنا ہے۔ بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں نوجوانوں کو ڈیجیٹل اسکلز اور اسٹارٹ اپس کی تربیت دی جائے گی۔ اس مرحلے میں جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل معیشت، کاروباری منصوبہ بندی اور نئے کاروبار کے آغاز سے متعلق عملی رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ محکمہ امور نوجوانان نے پہلے مرحلے کی تکمیل کو بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق پیشہ ورانہ اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید موثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے سیکیورٹی صورتحال، پولیسنگ کے نظام، محکمانہ اصلاحات اور سیکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بلوچستان میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کوئٹہ اسکیل سیکیورٹی پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین ڈیجیٹل کوریڈور کے تحت شہر میں 2,900 کیمرے نصب کیے جائیں گے، جن کے ذریعے سیکیورٹی نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پروجیکٹ کے تحت کوئیک رسپانس فورس کے نئے اسٹیشنز بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور موثر ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ جدید ٹیکنالوجی اور مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کے ذریعے سیکیورٹی اداروں کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا۔ اجلاس کو بلوچستان پولیس میں جاری اصلاحات اور محکمانہ خود احتسابی کے عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 871 پولیس اہلکاروں کو برطرف کیا جا چکا ہے، جبکہ مختلف شخصیات کے ساتھ تعینات 1,005 پولیس اہلکاروں کی خدمات واپس محکمہ پولیس کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کا کردار انتہائی اہم ہے، پولیس اہلکار فرنٹ لائن پر ملک اور صوبے کے امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس کو دہشت گردی کے موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید تربیت، ضروری آلات اور تمام مطلوبہ وسائل فراہم کیے جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پولیس کو دہشت گردی کے خلاف میدان میں اتارا ہے تو مکمل سرپرستی بھی کریں گے۔ صوبائی حکومت اپنی بہادر پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پولیس کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پولیسنگ کے نظام میں اصلاحات کا مقصد ادارے کو مزید مضبوط، جوابدہ اور عوام دوست بنانا ہے۔ محکمانہ نظم و ضبط اور احتساب پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ فرائض میں غفلت اور غیر حاضری کی حوصلہ شکنی کے ساتھ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے محدود وسائل کو بہتر انتظام اور ترجیحات کے تحت عوامی فلاح کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پا کر دستیاب وسائل عوام کی بنیادی ضروریات اور فلاح و بہبود پر خرچ کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کے اس عام آدمی کے لیے کام کرنا ہے جو سردی میں ٹھٹھرتا اور گرمی میں جھلستا ہے۔ حکومت کی تمام پالیسیوں اور اقدامات کا محور عام شہری کا تحفظ، سہولت اور معیار زندگی بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 02

پیغام بھجوا دیا۔ جس میں کہا ہے کہ اگر حکومت مذاکرات کیلئے رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے، حکومت کے رابطے پر پہلی شرط بانی سے ملاقات ہونی چاہیے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیشرفت کا آغاز کر سکتی ہے، اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے کہا کہ بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جا سکتا ہے

بقیہ 03

میں افغانستان سے متعلق آٹھویں مسکو فارمیٹ اجلاس میں پاکستان کے نمائندہ خصوصی برائے افغانستان محمد صادق نے افغانستان میں بڑھتی دہشتگردی اور طالبان رجیم کی پالیسیوں پر سخت تنقید کی اور دہشتگردی کو افغانستان کے بحران کی بنیادی وجہ قرار دیا۔ محمد صادق نے کہا کہ طالبان رجیم اور فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان، ETIM، داعش خراسان اور القاعدہ کا گٹھ جوڑ خطے کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان، ETIM، داعش خراسان اور القاعدہ افغان سرزمین پر بدستور بلا روک ٹوک سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے ابھرتی دہشتگردی پاکستان اور خطے کو مسلسل نشانہ بنا رہی ہے، 3 سال میں افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی میں 4,700 سے زائد پاکستانی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ پاکستان مزید ایسی صورتحال برداشت نہیں کر سکتا۔ افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشتگرد حملوں کی منصوبہ بندی، معاونت اور کارروائیوں میں طالبان رجیم شریک ہے۔ افغان سرزمین سے دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں پاکستان کے حق دفاع اور عالمی قانون کے تحت کی جا رہی ہیں۔ محمد صادق نے کہا کہ پاکستان کی انسداد دہشتگردی کارروائیاں افغان سرزمین سے ہونے والے دہشتگرد حملوں کے جواب میں اور دفاعی نوعیت کی ہیں۔ پاکستانی کارروائیاں صرف افغان سرزمین پر موجود ان دہشتگرد گروہوں کے خلاف ہیں جو پاکستان اور خطے کے لیے خطرہ ہیں۔ پاکستان کی سیاسی و سفارتی کوششوں کے باوجود افغان سرزمین سے دہشتگردی کا سلسلہ جاری رہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خیر سگالی اقدامات کے باوجود افغان سرزمین سے دہشتگرد حملوں میں اضافہ ہوا۔ طالبان رجیم سے دہشتگرد گروہوں کو افغان سرزمین پر حاصل استثنیٰ ختم کرنے اور قابل تصدیق کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے محمد صادق نے کہا کہ خواتین پر پابندیاں، لڑکیوں کی تعلیم سے محرومی اور جامع حکمرانی کا فقدان افغانستان کے استحکام میں رکاوٹ ہیں۔ پاکستان افغانستان میں امن و استحکام چاہتا ہے، مگر افغان سرزمین سے دہشتگردی کا خاتمہ علاقائی امن کے لیے ناگزیر ہے۔ افغانستان میں امن کے لیے دہشتگردی کے خاتمے، خواتین کے حقوق اور سیاسی شمولیت کے معاملات پر عملی پیش رفت ضروری ہے۔

بقیہ 04

کہا ہے یہ بات خوش آئند ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس پراجیکٹ کو ایک ماہ میں مکمل کرنے کا اعلان کیا اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کشمیر چوک کا نام ہی کشمیر کے نام سے منسوب ہے۔ انشا اللہ ایک دن آئے گا یہی شاہراہ سرینگر تک پہنچے گی کشمیری عوام آزادی سے اس شاہراہ پر سفر کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سڑکیں، پل انڈر پاس بنانے کا مقصد عوام کو بہترین اور معیاری سفری سہولیات میسر کر کے انکے وقت کو بچا کر زیادہ وقت ملک کی تعمیر و ترقی میں دینے کے اہل بنانا ہے۔ انہوں نے کہا طرف ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے کام جاری ہے دوسری طرف بدقسمتی سے دھرنوں اور لانگ مارچ کی سیاست کی جا رہی ہے جو ملکی معیشت کے لئے تباہ کن ہے۔ انہوں نے کہا ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے مل کر فیصلہ کیا کہ پی ٹی آئی کی لیڈر شپ کو بامعنی اور بامقصد مذاکرات کی طرف لایا جائے۔ دھرنوں کی سیاست ختم کی جائے اور سب مل بیٹھ کر باہمی بات چیت سے مسائل حل کریں۔ دو دن انتہائی مثبت مذاکرات بھی ہوئے

بقیہ 01

[illegible]

صورتحال کا سامنا ہے۔ ملک کی تمام تاریخ میں جتنا قرض لیا تھا اس کے تقریباً برابر قرضہ مسلط حکومت نے ڈھائی سال میں لیا ہے اور ابتری، تنزلی کی صورتحال ملک کے تمام اداروں میں جاری ہیں۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا جلسہ عام اور اس طرح تحریک انصاف کی لانگ مارچ ملک کو بحرانوں سے نکالنے، دہشت گردی، وحشت، لوٹ مار، سخت ترین بے روزگاری، مہنگائی کے خاتمے، ملک میں آئین کی بحالی، جمہوری حکمرانی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، ملک کو قوموں کا حقیقی جمہوری فیڈریشن بنانے، ملک کے تمام اداروں کو آئینی اداراتی اختیار کا پابند بنانے اور سرکاری طور پر مسلط پراکسیز کی خاتمے میں سنگ میل ثابت ہوگی۔ بیان کے آخر میں ضلع ژوب، ضلع شیرانی کے وطن دوست، جمہوریت پسند عوام سے جلسہ عام میں شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 02

سے متعلق امور پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 03

مین بی آر اے نے کہا کہ تمام اہل کاروبار اور سروس فراہم کرنے والوں کو قانون کے تحت رجسٹر کر کے ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے بی آر اے اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان قریبی رابطہ کاری، ڈیجیٹل نظاموں کے استعمال، ٹیکس دہندگان کو سہولتوں کی فراہمی اور کاروبار میں آسانی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نے ٹیکس انتظامیہ کی مضبوطی اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (بی ایس ٹی ایس) اور پروفیشنل ٹیکس کے تحت محصولات میں اضافے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دونوں فریقین نے ٹیکس کمپلائنس کو بہتر بنانے، صوبائی ٹیکس بیس کو وسیع کرنے اور اپنے ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی میں اضافے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 04

سمت کے تعین کے لیے علماء حق کی قیادت و رہنمائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص کے تحفظ، دینی اقدار کی پاسداری اور باطل قوتوں کے مذموم عزائم کی مزاحمت میں ہمیشہ علماء کرام نے قائدانہ اور تاریخی کردار ادا کیا ہے آج بھی قوم کی نظریں علماء حق کی جانب مرکوز ہیں۔ عوام علماء کرام کا دست و بازو بنیں اور دینی و ملی مقاصد کے حصول کے لیے ان کا بھرپور ساتھ دیں۔ دریں اثناء ضلعی ترجمان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق جمعرات 8 اکتوبر کو صبح 9 بجے جامع مطلع العلوم بروری روڈ میں ضلعی مجلس عمومی کا اہم اجلاس منعقد ہوگا جس میں ضلعی مجلس عمومی کے اراکین شرکت کریں گے۔ اجلاس کے لیے تمام اراکین کو باقاعدہ دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق 9 اکتوبر کو بعد از نماز جمعہ جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی جس سے جمعیت علماء اسلام کے قائدین خطاب کریں گے۔ ریلی کی بھرپور تیاری اور کامیابی کے لیے ضلع بھر کے تمام یونٹوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، جبکہ کارکنان اور عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 05

کاپیاں اور اسباق بھی چیک کیے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے اساتذہ اور طلبا کے حاضری رجسٹرز کا بھی معائنہ کیا اور سکول ریکارڈ کو باقاعدگی سے مکمل رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہیڈ ماسٹرز اور سکول عملے سے ملاقات کر کے تدریسی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکول کی عمارت، کلاس رومز، صحن اور صفائی ستھرائی کی صورتحال بھی دیکھی اور سکول انتظامیہ کو تعلیمی ماحول مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈاکٹر سلیم زرکون نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اساتذہ اپنی حاضری یقینی بنائیں اور طلبا کی بہتر تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں تاکہ علاقے میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 06

مہاجر پرندے بلوچستان کے ساحلی علاقوں، آبی ذخائر، جھیلوں اور قدرتی مساکن کا رخ کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کے لیے نگرانی اور کارروائی مزید مؤثر بنائی جا رہی ہے ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ بلوچستان وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) ایکٹ 2014 اور اس کے تحت نافذ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ محفوظ انواع کے شکار یا انہیں نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی انہوں نے عوام الناس اور تمام متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ جنگلی حیات کے تحفظ میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات سے تعاون کریں اور غیر قانونی شکار یا جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ حکام کو دیں کیونکہ جنگلی حیات ہمارا قیمتی قدرتی ورثہ ہے اور اس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 07

سے پیش کیے گئے دستاویزات، تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور کیس سے متعلق تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ کمیٹی کے اراکین نے دستیاب ریکارڈ اور دستاویزات کی روشنی میں کیس پر تفصیلی غور و خوض کیا۔ اجلاس میں کیس سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا گیا، جسے مقررہ طریقہ کار کے تحت بلوچستان ہائی کورٹ کو بھجوا دیا جائے گا۔ کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے اجلاس میں شفافیت، میرٹ اور قواعد و ضوابط کے مطابق تمام معاملات کا جائزہ لینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 08

سلسلے میں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے تحت مستحق، ہونہار اور اہل طلبا و طالبات کو ملک کے معروف اور معیاری تعلیمی اداروں میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اسکالرشپ پروگرام جاری ہیں اس حوالے سے [illegible] آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات اور تعلیم دوست پالیسی کے تحت صوبے کے ہونہار اور مستحق طلبا و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے ایسے طلبا و طالبات جو تعلیمی میدان میں نمایاں صلاحیت رکھتے ہیں لیکن مالی مشکلات کے باعث اعلیٰ تعلیم جاری رکھنے سے قاصر ہیں انہیں ملک کے دیگر صوبوں میں قائم معیاری اور معروف تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں خالد خان نے کہا کہ طلبا و طالبات اپنی تعلیمی قابلیت اور اہلیت کے مطابق BEEF اسکالرشپ پروگرام سے بھرپور استفادہ کریں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تعلیم دوست پالیسیوں اور نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے ہونہار اور مستحق طلبا وطالبات کے لیے BEEF اسکالرشپ پروگرام ایک اہم اور قابل تحسین اقدام ہے انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے سیمینار میں شریک طلبا و طالبات، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان کو اسکالرشپ پروگرام کے حوالے سے تفصیلی اور جامع آگاہی فراہم کی۔

بقیہ 09

کے ساتھ ساتھ ٹرین سروس متاثر یا معطل ہو سکتی ہے اور سرکاری و ریلوے املاک کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ جس سے لوگوں کو سفری سہولیات میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے پاکستان ریلوے حکام کی جانب سے جاری کردہ بیان میں شہریوں عوام، خصوصاً والدین، اساتذہ اور عمائدین، معززین سمیت سیاسی و سماجی رہنماؤں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ بچوں کو چلتی ٹرینوں پر پتھراؤ سے روکیں اور انہیں اس خطرناک عمل کے نقصانات سے آگاہ کرتے ہوئے مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ کیونکہ یہ ٹرین عوام کو سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے چلائی گئی ہے، لہٰذا اس پر پتھراؤ سے نہ صرف مسافروں کی زندگیوں کو خطرہ لاحق ہوتا ہے بلکہ عوام کی سہولت کے لیے فراہم کی گئی سرکاری سروس اور قیمتی ریلوے اثاثوں کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ ریلوے، ضلعی پولیس اور ٹریک پیٹرولنگ عملہ حساس مقامات پر حفاظتی اقدامات کر رہا ہے، اس حوالے سے عوام میں شعور و آگاہی فراہم کرنے کے لئے مساجد میں اعلانات اور شہریوں میں پمفلٹس کی تقسیم اور مقامی عمائدین کے ذریعے آگاہی مہم بھی چلائی گئی ہے۔ جس کا مقصد لوگوں کو آگاہی فراہم کرنا ہے کہ ٹرین پر پتھراؤ نہ کریں ریلوے املاک کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی اور دوسروں کی جان و مال کو محفوظ بنائیں۔

بقیہ 10

طور پر برآمد ہونے والی منشیات 3825 کلوگرام ہے ذرائع کے مطابق قبضے میں لی جانے والی منشیات کی مجموعی طور پر مالیت 56 کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے ابتدائی تحقیقات کے مطابق منشیات افغانستان سے پاکستان اسمگل کی گئی تھی جس کو بعد میں سمندر کے راستے بیرون ملک سمگل کیا جانا تھا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی ملزمان اور سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں شروع کر دی گئی ہے۔ مذکورہ کارروائی سے ایک بار پھر حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ افغانستان میں سرگرم بین الاقوامی منشیات اسمگلنگ نیٹ ورکس مخصوص جغرافیہ محل وقوع کی وجہ سے پاکستان کی سرزمین اور سمندری راستوں کو دیگر ممالک تک منشیات پہنچانے کیلئے بطور راہداری استعمال کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اے این ایف کے عملے نے ایک ماہ قبل انٹیلی جنس بیسڈ معلومات پر کولمبو ایئرپورٹ پر کنٹینرز سے 463 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس) برآمد کر کے نیٹ ورک کے افغان سرغنہ کو اے این ایف نے گرفتار کیا جس کے نتیجے میں افغانستان سے فعال منظم منشیات نیٹ ورکس کے علاقائی اور بین الاقوامی روابط مزید نمایاں ہوئے۔ موجودہ کارروائی بھی اسی وسیع تر چیلنج کی عکاس ہے کہ اے این ایف ایسے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اے این ایف کی ملک بھر میں انسداد منشیات کارروائیاں پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری ہیں تاکہ منشیات کے خلاف جنگ میں "منشیات سے پاک پاکستان" کی منزل کے حصول کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ 11

تفہیم اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے معاملات حل کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے متعلقہ افسران سے تعاون کریں۔ اس موقع پر دونوں فریقین کو اپنے معاملات کے حل کے لیے ایک ہفتے کی مہلت دی گئی اور واضح کیا گیا کہ مقررہ مدت کے دوران فریقین ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں باہمی رضامندی سے معاملات طے کرنے کی کوشش کریں۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے واضح کیا کہ اصل الاٹیز کے حقوق کا تحفظ، غیر قانونی قبضوں اور ناجائز تجاوزات کا خاتمہ اور سرکاری و نجی املاک کا قانونی تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مقررہ مدت کے دوران افہام و تفہیم سے مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور غیر قانونی قبضوں و ناجائز تجاوزات کے خاتمے کے لیے بلاامتیاز اقدامات کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام معاملات میں شفافیت، میرٹ اور قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کارروائی یقینی بنائی جائے تاکہ اصل الاٹیز کے حقوق کا تحفظ اور نیو ٹاؤن میں اراضی سے متعلق مسائل کا مستقل اور قانونی حل ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ 12

شہری چہرہ ڈھانپنے سے گریز کرتے ہوئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ یہ بات انہوں نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر عوام کے اسرار پر مختلف تھانوں میں شروع کی گئی کھلی کچہریوں کی نسبت سے تھانہ نیو کچلاک میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ڈی ایس پی کچلاک عابد جدون، ایس ایچ او حاجی عبدالحئی کرانی، جمیل الرحمٰن کاکڑ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں علاقے کے معززین، معتبرین اور شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھیں۔ دونوں ایس پیز نے شہریوں کے مسائل سننے کے بعد ان کے حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے عوامی شکایات کی روشنی میں ایگل اسکواڈ کے منہ ڈھانپنے پر پابندی کے علاوہ ایگل اسکواڈ کے چار جوانوں پر مشتمل گشت کو 8 جوانوں پر گشت کرنے کے لئے تعینات کر دیا گیا ہے اور پولیس کی جانب سے سیچرز، چوروں، ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں اور برآمدگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے شہریوں نے کہا کہ پولیس عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئے اور شہری بھی پولیس کے ساتھ جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لئے تعاون کریں گے اس موقع پر ایس پیز نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کے ساتھ پولیس کے براہ راست روابط کو بڑھانا اور مضبوط بنانا ہے پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے امن کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 13

ورپورٹ نے ڈائیلیسس سینٹر کا تفصیلی معائنہ کیا اور وہاں دستیاب سہولیات، مشینری اور مریضوں کو درپیش مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے زیر علاج مریضوں کی عیادت اور ان کی خیریت دریافت کی جبکہ سینٹر کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ضروری مشینری اور طبی آلات کی فوری فراہمی کی ہدایت کی چیئرمین نورالحق بلوچ نے ہسپتال کے تھیلیسیمیا سینٹر کا بھی دورہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے تھیلیسیمیا سینٹر کے لیے دو ایئر کنڈیشنرز فوری طور پر فراہم اور نصب کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے کہا کہ ڈائیلیسس اور تھیلیسیمیا سینٹرز میں مریضوں کے علاج کا سلسلہ کسی صورت متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے ایم ایس ڈاکٹر عبدالحفیظ بلوچ کو ہدایت کی کہ دونوں مراکز کے لیے درکار مشینری، طبی آلات اور دیگر ضروری سامان کی مکمل فہرست فوری طور پر فراہم کی جائے تاکہ ضروری سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی ضروریات اور درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے فوری رابطہ کیا جائے گا اور گوادر کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 14

جاری ترقیاتی منصوبوں بالخصوص مواصلات و تعمیرات کے منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سفری و بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 15

نے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ زراعت۔ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے زراعت سے وابستہ افراد کا ذریعہ معاش یہی فصل اور یہی فصل کیڑوں اور مختلف بیماریوں کی نظر ہو جائے گی تو زراعت سے وابستہ افراد کا ناقابل تلافی نقصان ہوگا اور غریب کسان اور زمیندار ان کی سال بھر کی یہی کمائی ہوتی ہے اس فصل ہر کسان بھاری اخراجات کرتا ہے بیج بل زرعی ادویات کھادوں کے علاوہ دیگر اخراجات کو دیکھا جائے زراعت سے وابستہ افراد پہلے ہی بے شمار مسائل اور مشکلات سے دوچار ہیں اگر تیار فصل کو اگر بیماری سے فوری طور نہ بچایا گیا تو زراعت کے شعبے سے وابستہ افراد نان شبینہ کے محتاج ہو جائیں گے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 16

ری شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ نادرا نے ان کے قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے اجراء کو بغیر کسی ٹھوس جواز کے التوا کا شکار کر رکھا ہے۔ نادرا حکام نے سائل کی محض "ظاہری وضع قطع" کی بنیاد پر کیس روک کر اسے زونل بورڈ کے سامنے پیشی اور لوکل سرٹیفکیٹ لانے کی کڑی شرط عائد کر دی تھی، جس سے سائل کو شدید ذہنی اذیت اور روزمرہ کے معاملات میں سخت مشکلات کا سامنا تھا۔ اس عوامی نوعیت کی شکایت پر وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار نے فوری اور سخت نوٹس لیتے ہوئے نادرا حکام سے جواب طلب کیا۔ متعلقہ آفیسر کی زیر نگرانی اس کیس کی باقاعدہ اور شفاف طریقے سے پانچ (5) سماعتیں (Hearings) کی گئیں۔ وفاقی محتسب کی قانونی کارروائی اور مسلسل پیروی کے بعد نادرا زونل بورڈ نے سائل امام داد کی پیش کردہ دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال اور تصدیق کی، جس کے بعد سائل کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے اسے نیا قومی شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا۔ سائل امام داد کی جانب سے وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار کو اپنا شناختی کارڈ کامیابی سے موصول ہونے کی باقاعدہ تصدیق کر دی گئی ہے۔ سائل نے اس دیرینہ اور پیچیدہ مسئلے کے حل پر وفاقی محتسب کے فوری اور مفت انصاف کے نظام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ سائل کو مکمل ریلیف ملنے اور شکایت کا سو فیصد ازالہ ہونے پر وفاقی محتسب نے اس کیس کو باضابطہ طور پر بند کر دیا ہے۔ وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار کی یہ کامیاب کارروائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عام شہریوں کو سرکاری محکموں کی بیوروکریٹک رکاوٹوں، سرخ فیتے اور بلاجواز تاخیر سے نجات دلانے کے لیے ہر دم متحرک ہے۔ کوئی بھی شہری جس کی حق تلفی کسی وفاقی محکمے کے ہاتھوں ہو رہی ہو، وہ فوری اور مفت انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب سے رجوع کر سکتا ہے۔

بقیہ 17

عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کنرزئی، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی، ڈپٹی چیئرمین ضلع کونسل کیچ میر بابد جمیل دشتی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن تربت شعیب ناصر، ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات طارق علی اور ضلع کیچ کے کرش پلانٹس کے مالکان نے شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات طارق علی نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ محکمہ ماحولیات کے ریکارڈ کے مطابق ضلع کیچ میں 12 کرش پلانٹس رجسٹرڈ ہیں، جبکہ بعض پلانٹس تاحال غیر رجسٹرڈ ہیں۔ انہوں نے رجسٹریشن کی صورتحال اور ماحولیاتی قوانین و ضوابط پر عملدرآمد سے متعلق اجلاس کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ، شہریوں کی صحت اور صاف ماحول کا قیام ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کرش پلانٹس سے پیدا ہونے والی گرد و غبار اور دیگر ماحولیاتی اثرات کے تدارک کے لیے تمام مالکان کو متعلقہ قوانین اور ضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام کرش پلانٹس کی قانونی حیثیت اور رجسٹریشن کا جائزہ لیا جائے گا اور غیر رجسٹرڈ یا قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے پلانٹس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کرش پلانٹس مالکان پر زور دیا کہ وہ کاروباری سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ CSR کے تحت عوامی فلاح و بہبود میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔ اس سلسلے میں انہوں نے ایمبولینسز کی مرمت و بحالی، سرکاری اسکولوں کی تعمیر و مرمت، مستحق طلبہ کے لیے اسکالرشپس، سرکاری ہسپتالوں کی بہتری اور دیگر عوامی مفاد کے منصوبوں میں تعاون کی تجویز پیش کی۔ اجلاس کے اختتام پر کرش پلانٹس مالکان نے ضلعی انتظامیہ کی ہدایات اور تجاویز سے اتفاق کرتے ہوئے ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد اور CSR کے تحت عوامی فلاحی منصوبوں میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ماحولیاتی تحفظ، عوامی مفاد اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے سرکاری و نجی شعبے کے درمیان مؤثر اشتراک کو مزید فروغ دے گی۔

بقیہ 18

آصف اختر سپورٹس سیکرٹری شاہ محمد عمرانی اور دیگر بھی موجود تھے مقابلے کے دوران طلبا و طالبات نے اساتذہ کی شخصیت پر تقریریں کی جنہیں خوب داد دیا گیا تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی شخصیت روشنی کا وہ مینار ہے جو اندھیروں میں راستے دکھاتی ہے اور معاشرے کی بنیاد کو مضبوط کرتی ہے، استاد کسی بھی قوم کا حقیقی معمار ہوتا ہے جو صرف نصابی تعلیم ہی نہیں دیتا بلکہ نسلوں کے کردار اور اخلاق کی تعمیر کرتا ہے، استاد کا لباس، لب ولہجہ، سچائی اور باوقار انداز طلبا کے لیے ایک عملی نمونہ ہوتا ہے، استاد کا احترام طلبا و طالبات سمیت تمام معاشرے پر لازم ہے۔ آخر میں اول دوم اور سوم آنے والے طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

بقیہ 19

نے کہا کہ ہنگامی حالات میں بروقت طبی امداد کی فراہمی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ گوادر پورٹ کی جانب سے فراہم کردہ ایمبولینس سے شہریوں کو ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کی بروقت منتقلی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ گوادر ایمبولینس سروس کو ضرورت کے مطابق تعاون فراہم کیا جائے گا، جبکہ متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایمبولینس کا مؤثر استعمال اور شہریوں کو بروقت ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 20

لیے خریدے گئے ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل فرنیچر، تدریسی معاونت کے سامان اور دیگر ضروری تعلیمی اشیاء کی مقدار، معیار اور دستیابی کا جائزہ لینا تھا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ طلبا کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدا گیا سامان مقررہ معیار اور منظور شدہ ضروریات کے عین مطابق ہو اس موقع پر کلسٹر انسپکشن کمیٹی کے اراکین نے اسکول میں موجود خریدے گئے سامان کا موقع پر باریک بینی سے معائنہ کیا اور سامان کی تعداد، معیار، حالت اور استعمال کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا کمیٹی نے کلسٹر سے متعلق دستیاب ریکارڈ، خریداری کی تفصیلات اور دیگر متعلقہ دستاویزات بھی چیک کیے تاکہ تمام معاملات میں شفافیت اور قواعد و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنایا جا سکے کمیٹی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کلسٹر کے تحت آنے والے تمام اسکولوں میں تعلیمی سامان اور فرنیچر کی منصفانہ، ضرورت کے مطابق اور شفاف تقسیم کو یقینی بنایا جائے، تاکہ ہر اسکول کے طلبا اور اساتذہ کو یکساں طور پر سہولیات میسر آ سکیں اور تعلیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے اس موقع پر کمیٹی نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ فراہم کردہ تعلیمی سامان کو طلبا کی تعلیمی ضروریات کے مطابق بروئے کار لایا جائے اور اس کی مناسب دیکھ بھال کو یقینی بنایا جائے کمیٹی نے واضح کیا کہ سرکاری وسائل کے شفاف اور مؤثر استعمال، تعلیمی معیار میں بہتری اور طلبا کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے معائنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 21

غیر انسانی قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسلح جتھوں نے ریاست کے اندر ریاست بنائی ہے ماورائے آئین و قانون اقدامات جیسے سنگین جرائم کے مرتکب ہو رہے ہیں باقاعدہ ریاستی سرپرستی میں عوامی راستوں میں مسلح جتھے نجی ملیشیا کے اسلحہ بردار اپنی شناخت چھپا کر سرعام گاڑیاں روکتے ہیں ان سے مبینہ طور پر بھتہ طلب کیا جاتا ہے یہ سلسلہ اب مزید بند کی جائے چمن اور کوئٹہ کے درمیان میزئی اڈے پر ایک انتہائی افسوسناک سلسلہ جاری ہے۔ وہاں کچھ لوگ جو اپنے آپ کو با اثر بتاتے ہیں، مسلح ہو کر دن رات شاہراہ پر کھڑے ہو کر ہر آنے جانے والے ٹرک ڈرائیور کو زبردستی روکتے ہیں، ان سے بلاوجہ پیسے وصول کرتے ہیں اور انکار کرنے پر ان پر تشدد کرتے ہیں اور انہیں ذلیل کرتے ہیں۔ ایک غریب ٹرک ڈرائیور جو سخت گرمی اور سردی میں اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے ہزاروں کلومیٹر کا سفر کرتا ہے، اس سے اس طرح راستے میں لوٹ مار کرنا انسانیت بھی نہیں اور پشتون روایات کے بھی خلاف ہے۔ یہ قومی شاہراہ ہے، کسی کی ذاتی جاگیر نہیں۔ بیان میں ڈی سی قلعہ عبداللہ، اسسٹنٹ کمشنر چمن، ایس پی اور ایف سی حکام سے پرزور اپیل ہے کہ میزئی اڈے پر قائم اس غیر قانونی بھتہ خوری کے اڈے کو فی الفور ختم کیا جائے۔ اس میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ چمن کوئٹہ شاہراہ پر سفر کرنے والے تمام ڈرائیوروں کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔ تمام اور بالخصوص ٹرک ڈرائیور بھائیوں کی جان و مال عزت و آبرو کے تحفظ کیلئے ٹھوس مؤثر اور نتیجہ خیز اقدامات کئے جائیں تاکہ یہ آواز حکام بالا تک پہنچے اور اس ظلم کو روکا جا سکے۔

بقیہ 22

دی انہوں نے بتایا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو دستیاب وسائل کے مطابق طبی سہولیات اور ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہیایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالغفور جمالی نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران و طبی عملے سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتال میں ادویات کے اسٹاک کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے تاکہ کسی بھی ضروری دوا کی قلت پیدا نہ ہو اور مریضوں کو بروقت ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے محکمہ صحت کے افسران اور طبی عملے پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں سے علاج کی غرض سے آنے والے مریضوں کی خدمت کو مقدس فریضہ سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ حسن سلوک ہمدردی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی امداد ضروری ادویات اور علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گیایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری ہسپتالوں میں طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے جبکہ ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی نگرانی کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 23

سہولیات، صفائی وستھرائی، عملے کی حاضری اور مریضوں کی دیکھ بھال کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران ایم ایس نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں سے ملاقات کر کے ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات، علاج معالجے اور دیگر ضروری سہولیات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں اور متعلقہ طبی عملے کو مریضوں کی بہتر دیکھ بھال اور بروقت علاج یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے ایمرجنسی شعبے کا بھی تفصیلی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے موجود مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور ایمرجنسی میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس اور دیگر عملے سے بھی ضروری امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں اس موقع پر ایم ایس نے ہدایت کی کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کو بروقت، معیاری اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مریضوں کے علاج اور دیکھ بھال میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس و دیگر ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری محنت، خلوص اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں ایم ایس نے مزید کہا کہ ہسپتال آنے والا ہر مریض ہماری اولین ترجیح ہے، اس لیے تمام ملازمین اپنی ڈیوٹی پر بروقت حاضر ہوں اور فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی سے غیر حاضری یا مریضوں کے علاج میں لاپرواہی کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی دورے کے دوران ہسپتال میں صفائی وستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایم ایس نے صفائی کے عملے کو ہدایت کی کہ ہسپتال کے تمام وارڈز، ایمرجنسی، راہداریوں اور دیگر شعبہ جات میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور مریضوں کو صاف، محفوظ اور صحت بخش ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی حاضری، صفائی وستھرائی اور ہسپتال کے نظم و ضبط کو خصوصی ترجیح دی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے گی تاکہ عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات میسر آ سکیں انہوں نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ مریضوں کی مشکلات کے فوری ازالے اور طبی سہولیات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، جبکہ مریضوں کی خدمت میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 24

سے ہوا، جس کی سعادت سال دوئم کے طالب علم انعام طارق عزیز نے حاصل کی، تقریب سے پروفیسر شیخ اجمل مندوخیل پروفیسر ریاض پروفیسر فضل پروفیسر اقبال نے خطاب کیا، آخر میں کالج کے پرنسپل پروفیسر عبدالرحمٰن امین نے اپنے خطاب میں کہا، کہ معاشرے کی تعمیر و ترقی کا راز اساتذہ کرام کی عزت اور احترام میں ہی مضمر ہیں، جن لوگوں نے اپنی زندگی میں اساتذہ کرام کو عزت دی ہیں، کامیابی اور کامرانی انکا مقدر بنی ہیں، اور جن لوگوں نے استاد کی عزت نہیں کی، وہ ہمیشہ مسائل اور مشکلات و ناکامی سے دوچار ہوئے ہیں، آج کا یہ دن ہمیں یہ سبق دیتا ہے، کہ ہم نے اپنے اساتذہ کرام کی عزت احترام میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑنی ہیں، کیونکہ استاد ایک روحانی باپ کا درجہ رکھتا ہیں، تاریخی طور پر یہ بات عیاں ہیں، کہ معاشرے کی تعمیر و ترقی استاد کی عزت و احترام میں پوشیدہ ہیں، آیے ہم آج کے دن کی مناسبت سے یہ عہد کریں، کہ ہم اساتذہ کرام کی عزت اور احترام اپنے زندگی کا لازمی حصہ بنائیں، اسکے بعد کالج کے پرنسپل اور طلبا کی جانب سے اساتذہ کرام میں تحائف تقسیم کئے گئے۔

بقیہ 25

من مانیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں، روٹی کا حجم مسلسل کم ہوتے ہوتے نان روٹی کے 20 روپے والے بسکٹ کے سائز تک جا پہنچا ہے جبکہ قیمتیں اپنی جگہ برقرار ہیں۔ مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی پریشان غریب عوام سے پوری قیمت وصول کر کے وزن اور حجم میں مسلسل کمی کی جا رہی ہے، مگر متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے تندوروں کی مؤثر نگرانی اور کارروائی کہیں دکھائی نہیں دے رہی۔ شہری حلقوں کے مطابق تندور مالکان مبینہ طور پر اپنی مرضی کے نرخ، وزن اور سائز مقرر کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ روٹی کی قیمت اور وزن کا کوئی واضح چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے باعث شہری بے بسی سے یہ صورتحال برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر بازار میں نرخ، وزن اور معیار کی نگرانی کے لیے انتظامیہ اور متعلقہ ادارے موجود ہیں تو پھر تندور مالکان کو کھلی چھوٹ کس کی اجازت سے حاصل ہے۔ دوسری جانب بعض تندوروں پر مبینہ طور پر غیر معیاری اور مضر صحت دودھ، دہی اور دیگر اشیائے خورونوش کی فروخت بھی جاری ہے، جس سے شہریوں کی صحت کو بھی خطرات لاحق ہیں، تاہم متعلقہ حکام کی جانب سے نہ باقاعدہ سیمپلنگ نظر آتی ہے اور نہ ہی تندوروں کی مؤثر چیکنگ۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری طور پر کارروائی نہ کی گئی تو تندور مالکان کی من مانیاں مزید بڑھیں گی اور اس کا براہ راست بوجھ غریب عوام پر پڑتا رہے گا۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر مستونگ، اسسٹنٹ کمشنر اور متعلقہ فوڈ اتھارٹی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر کے تندوروں کی فوری، اچانک اور بلاامتیاز چیکنگ کی جائے، روٹی کا مقررہ وزن، قیمت اور معیار یقینی بنایا جائے، غیر معیاری دودھ، دہی اور دیگر اشیائے خورونوش کی فروخت کے خلاف کارروائی کی جائے اور عوام کو مبینہ طور پر لوٹنے والے تندور مالکان کے خلاف قانون کے مطابق سخت ایکشن لیا جائے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ انتظامیہ کی خاموشی کو تندور مافیا کے لیے کھلی چھوٹ تصور کیا جا رہا ہے، جس کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو عوامی بے چینی میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ 26

کی طرف آئیں اور سرمایہ کار بلوچستان کو ایک قابل اعتماد کاروباری مقام سمجھیں۔ اپنے دفتر میں کاروباری شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے غیر معمولی معاشی امکانات ہیں۔ معدنیات سے لے کر ساحلی معیشت، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت اور ٹیکنالوجی تک ہر شعبے میں نئے کاروباری ماڈلز کی گنجائش موجود ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان امکانات کو فائلوں اور رپورٹس سے نکال کر قابل عمل منصوبوں میں تبدیل کیا جائے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ سرمایہ کاری بورڈ کی ترجیح صرف سرمایہ کاری لانا نہیں بلکہ سرمایہ کاری کو کامیاب بنانا ہے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کو درست معلومات، بروقت رہنمائی اور اداروں تک آسان رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 27

ہیں، ایسے میں تاجروں کی رضامندی کے بغیر کسی مخصوص چوکیداری کے نظام کو ان پر مسلط کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ چوکیداری تاجروں کی حفاظت کے لیے ہونی چاہیے، تاجروں پر دباؤ ڈالنے یا انہیں کسی ایسے نظام کا پابند بنانے کے لیے نہیں جس پر انہیں اعتماد ہی نہ ہو۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے ہزار گنجی میں حاجی باچا آچکزئی کے گودام سے مبینہ طور پر لاکھوں روپے مالیت کے سامان کی چوری کے واقعے پر بھی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور چوری شدہ سامان کی برآمدگی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ پارٹی نے واضح کیا کہ اگر تاجروں کو چوکیداری کے موجودہ نظام پر تحفظات ہیں اور وہ اپنی مرضی سے اس نظام کو قبول نہیں کرتے تو انہیں کسی بھی دباؤ، دھمکی یا زبردستی کے ذریعے اس کا پابند بنانا قانون اور انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔ تاجروں کو اپنے کاروبار، جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے اپنی رائے دینے اور اپنے لیے قابل اعتماد حفاظتی نظام کے انتخاب کا بنیادی حق حاصل ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا کہ ہزار گنجی کے تاجروں کو تحفظ فراہم کرنا انتظامیہ اور ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے۔ اس ذمہ داری سے دستبردار ہو کر تاجروں کو کسی متنازع یا جبری چوکیداری کے نظام کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔ اگر کسی چوکیدار یا کسی فرد کے خلاف چوری کے واقعے میں ملوث ہونے کے شواہد موجود ہیں تو بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے، جبکہ بے گناہ افراد کو بھی محض الزامات کی بنیاد پر ہراساں نہ کیا جائے۔ پارٹی نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ہزار گنجی کے تاجروں کے تحفظات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے جبری چوکیداری کا سلسلہ ختم کیا جائے، چوری کے واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور تاجروں کے ساتھ باعزت اور منصفانہ طریقے سے معاملہ حل کیا جائے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے خبردار کیا کہ تاجروں کو دباؤ میں لا کر ان کی مرضی کے خلاف کوئی نظام مسلط کرنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انتظامیہ تاجروں کو تحفظ دینے میں ناکام رہی تو پارٹی تاجروں کے جائز حقوق کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور قانونی فورم پر آواز بلند کرے گی۔

بقیہ 28

و، ڈی ایس وی گل نواز خان ناصر، اے ایس وی عادل الیاس، سینئر ویکسینیٹرز اور بازار کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ایریا انچارجز نے شرکت کی۔ ماہانہ جائزہ اجلاس کے دوران تمام متعلقہ افسران اور ویکسینیٹرز نے اپنی اپنی کارکردگی اور پیش رفت رپورٹس پیش کیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ای پی آئی پروگرام کے تحت بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کی بروقت فراہمی ویکسینیشن کوریج میں بہتری، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی اور مقررہ اہداف کے حصول سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری صحت کے وژن کے مطابق محکمہ صحت کے تمام اداروں کو فعال، موثر اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے قابل بنانا ہمارا مشن ہے، جس کے لیے محکمہ صحت کے ہر افسر اور ملازم کو اپنی ذمہ داری پوری تندہی اور احساس ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کا پروگرام بچوں کو مختلف خطرناک بیماریوں سے محفوظ رکھنے اور صحت مند معاشرے کے قیام میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، اس لیے ای پی آئی پروگرام سے وابستہ تمام اہلکار اپنے فرائض میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ برتیں اور مقررہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ ڈاکٹر فہیم خان نے تمام ملازمین کو ہدایت کی کہ اپنی حاضری اے آئی (AI) پر مبنی حاضری نظام کے ذریعے یقینی بنائیں اور محکمہ صحت کی جانب سے تفویض کردہ ذمہ داریوں اور اہداف کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت، غیر حاضری یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی، لہٰذا تمام ملازمین اپنی ڈیوٹی پر کسی بھی صورت میں سمجھوتہ نہ کریں انہوں نے مزید کہا کہ ای پی آئی پروگرام کے اہداف اور مقاصد کا حصول، بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکہ جات کی فراہمی، ماں اور بچے کی صحت میں بہتری اور زچہ و بچہ کی اموات میں کمی لانا محکمہ صحت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے فیلڈ میں کام کرنے والی تمام ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری سے انجام دیں اور دور دراز علاقوں تک بھی حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات کی مؤثر رسائی یقینی بنائیں اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ای پی آئی پروگرام کو مزید مؤثر بنانے، ویکسینیشن کوریج میں اضافہ کرنے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، جبکہ فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی اور ماہانہ بنیادوں پر جائزہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 29

و، پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی، ضلعی اور تحصیل رہنماؤں و علاقائی ایگزیکٹیوز نے مرحومہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 30

سپورٹ پروگرام (BISP) کی ایک مستحق خاتون کو ان کا رکا ہوا وظیفہ دلوا دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت نے سرکاری محکمے کی جانب سے ہونے والی تاخیر کا ازالہ کر کے غریب خاندان کی داد رسی کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے مزی بھلوتک کی رہائشی محترمہ آمنہ نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف ایک شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ اس پروگرام کی حقدار ہیں لیکن متعلقہ محکمے کی جانب سے انہیں ان کی مالی معاونت اور وظیفے کی ادائیگی نہیں کی جا رہی، جس کی وجہ سے انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ غریب خاتون کی اس شکایت کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار نے فوری نوٹس لیا اور متعلقہ ادارے کے افسران سے اس غیر ضروری تاخیر کی وجوہات طلب کیں۔ وفاقی محتسب کی جانب سے کی جانے والی سخت باز پرس، مؤثر کارروائی اور ہدایات کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے فوری حرکت میں آتے ہوئے درخواست گزار کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے کی رقم بطور مالی معاونت منتقل کر دی۔ اپنا رکا ہوا حق اور وظیفہ بلا کسی رکاوٹ کے موصول ہونے پر محترمہ آمنہ نے انتہائی خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے غریب عوام کی داد رسی اور بغیر کسی وکیل یا فیس کے فوری انصاف کی فراہمی پر وفاقی محتسب اور ریجنل آفس خضدار کے عملے کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ درخواست گزار کے مکمل اطمینان اور رقم کی منتقلی کی تصدیق کے بعد وفاقی محتسب کی جانب سے اس شکایت کو کامیابی کے ساتھ نمٹا دیا گیا ہے۔ یہ اقدام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو سرکاری محکموں کی زیادتیوں، بدانتظامی اور تاخیر کے خلاف فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 31

پیش مسائل، زرعی سرگرمیوں اور فیلڈ سے متعلق اعداد و شمار کی بروقت فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے زرعی شعبے کی بہتری، کسانوں کو درپیش مشکلات کے ازالے اور متعلقہ حکام تک مسائل کی مؤثر نشاندہی کے لیے مختلف تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد نے نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ ڈائریکٹر شماریات کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے ضلع بھر کے زرعی علاقوں سے درست، جامع اور بروقت اعداد و شمار مرتب کریں گے، تاکہ زرعی مسائل کی مؤثر نشاندہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو سفارشات پیش کی جا سکیں انہوں نے کہا کہ Statistics شعبہ زراعت کی منصوبہ بندی، پالیسی سازی اور ترقی کے لیے بنیادی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے فیلڈ سے درست معلومات کے حصول اور بروقت رپورٹنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اجلاس میں رواں ماہ ریٹائر ہونے والے محمد عمر جمالی کی محکمہ زراعت کے لیے طویل عرصے تک انجام دی جانے والی خدمات کو بھی سراہا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع اور فیلڈ اسٹاف نے ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور محکمہ کے لیے تعاون کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان کے محکمہ زراعت کے افسران و اہلکاروں کے ساتھ خوشگوار تعلقات اور تعاون کا سلسلہ برقرار رہے گا۔

بقیہ 32

کے 2500 سے زائد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے بلوچستان پولیس کے ترجمان کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر کوئٹہ سمیت صوبے کی 9 رینجز میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت خصوصی مہم جاری ہے۔ جس کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جارہی ہے جس کے تحت مختلف کارروائیوں میں 135 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن پسٹل 122، کلاشنکوف 4، رائفل 8، گولیاں 787، میگزین 70 اور 94 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چرس 90 کلو 771 گرام، آئس 12 کلو 625 گرام، افیون 4 کلو 20 گرام، کرسٹل 285 گرام، بھنگ 5 کلو 640 گرام، ہیروئن 600 گرام اور شراب کی 36 بوتلیں قبضے میں لی گئیں۔ اس کے علاوہ 3 مسروقہ گاڑیاں، 20 موٹر سائیکلیں اور 12 موبائل فون بھی برآمد کیے۔ اور دفعہ 550 کی خلاف ورزی پر 8 گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو تحویل میں لیا گیا چیکنگ کے دوران 2,510 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے گئے۔ بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن وامان کے قیام اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاتعطل کارروائیاں جاری رکھے گی۔ پولیس اہلکاروں کو عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کے ساتھ ساتھ مسائل کے حل کے لئے تھانوں میں آنے والے سائلین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور عوامی شکایات پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے انہیں مسائل سے چھٹکارا دلایا جائے۔

بقیہ 33

ان ڈی ای او ہرنائی نے کلاس رومز میں جا کر تدریسی عمل (Teaching and Learning Process) کا بچشم خود معائنہ کیا اور طلبہ سے تعلیمی سرگرمیوں سے متعلق سوالات بھی کیے تاکہ ان کے تعلیمی معیار کا اندازہ لگایا جا سکے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اسکول کے حاضری رجسٹرز کی پڑتال کرتے ہوئے اساتذہ اور طلبہ کی روزمرہ حاضری کا باریک بینی سے جائزہ لیا؟ مختلف اسکولوں کے سربراہان (Heads of Institutions) سے گفتگو کرتے ہوئے غلام حیدر ترین نے واضح اور سخت ہدایات جاری کیں کہ بچوں کو معیاری اور جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم کی فراہمی میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام اساتذہ کو پابندی وقت اور مکمل ذمہ داری کے ساتھ فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی تاکہ ضلع ہرنائی کے بچوں کا تعلیمی مستقبل محفوظ اور روشن بنایا جا سکے۔ ڈی ای او ہرنائی نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے اور اسکولوں کی کارکردگی کو مزید فعال کرنے کے لیے اس طرح کے سرپرائز وزٹس کا سلسلہ آئندہ بھی بلا تعطل جاری رہے گا۔

بقیہ 34

کتوں کے شکر گزار ہیں وہ مندوخیل شرقی علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام ٹکی سلیازہ اور گردہ بابڑ میں عوامی اجتماعات سے خطاب کر رہے تھے جس سے پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، صوبائی نائب صدر عبدالقیوم ایڈووکیٹ، ضلعی سینئر ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ مندوخیل، ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، سردار محمد انور بابڑ، اکبر خان، اعظم خان نے بھی خطاب کیا جبکہ گردہ بابڑ میں سیف الرحمٰن نے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور عزیز اللہ خان نے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا کو پشتینی دستار پہنائے۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون قوم کو زندگی کے ہر شعبے میں اذیت ناک صورتحال کا سامنا ہے ان کی بہت بڑی اکثریت مسافرانہ زندگی پر مجبور ہے اور آئی ڈی پیز کی شکل میں در بدر ہے اپنے وطن پر مصنوعی جعلی دہشتگردی، لاقانونیت، بدامنی ایک شعوری منصوبہ بندی کے تحت مسلط کی گئی ہے ژوب شیرانی کے عوام اس صورتحال سے خود آگاہ ہے لہٰذا اس سنگین صورتحال کا مقابلہ کرنے اور اپنے وطن ان کے وسائل اور اپنے عوام کے سر و مال اور عزت کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے بہت بڑے وسیع بنیادوں پر قومی اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے غیور عوام ہمارے ساتھ وعدہ کریں کہ جب اس لاقانونیت و بدامنی کے خلاف تحریک شروع ہو جائیگی تو ہر گھر اور ہر فرد نے اس اہم قومی فرض کو اپنا ذاتی فرض سمجھ کر اس تاریخی تحریک میں حصہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ ہنہ، زیارت، شاہرگ سمیت واقعات کے تناظر میں کوئٹہ میں جو کامیاب دھرنا دس دن جاری رہا اس تحریک کی وجہ سے دہشتگردی کے پھیلاؤ میں معمولی کمی آئی ہے لیکن دہشتگردی اور پشتون دشمن اقدامات ختم نہیں ہوئے حالانکہ تمام پارٹیوں نے ملکر انتہائی اخلاص اور ہمت کے ساتھ اتحاد قائم کر کے تحریک چلائی لیکن اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اس آل پارٹیز اتحاد کو پھر متحد کرتے ہوئے تحریک کا آغاز کریں اور زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے تمام تنظیموں سمیت تمام عوام اس تحریک میں بھرپور شرکت کریں کیونکہ جعلی دہشتگردی اور لاقانونیت کے نام پر پشتونخوا وطن کے خلاف جو سازش ہو رہی ہے وہ کسی ایک پارٹی اور ایک تنظیم کی جانب سے روکنے کی بس کی بات نہیں بلکہ ہر ضلع، ہر تحصیل، ہر یونین کونسل، ہر گھر تک تمام عوام نے اس سیاسی جمہوری مزاحمتی تحریک کا ساتھ دینا ہوگا اور مصنوعی "دہشتگردی نامنظور" "آپریشن نامنظور" اور اپنے عوام اور وسائل کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے آواز بلند کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پشتون عوام نے ہر قسم کے سیاسی، قبائلی، علاقائی اختلافات سے بالاتر ہو کر اس تلخ حقیقت کا ادراک کرنا ہوگا کہ ہمارے اور آپ کے بچوں کے مستقبل کو جو خطرات لاحق ہے لہٰذا اپنے بچوں کے سر کی قیمت سے کوئی چیز اور کوئی جائیداد بالاتر نہیں لہٰذا ہمیں قومی طور پر متحد و منظم ہو کر اپنے آبا و اجداد کی طرح اپنے وطن اور اپنے بچوں کے مستقبل کو ہر قیمت پر محفوظ بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں پشتونخوا نیپ کی نمائندگی ضلع ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے غیور عوام کی اخلاص، محبت، قومی دلیری اور سیاسی بیداری کی مرہون منت ہے پشتونخوا نیپ اس نمائندگی کے ذریعے محکوم اقوام اور مظلوم عوام کے حقوق و اختیارات کے حصول اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریگی جبکہ اس علاقے کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہر سطح پر کوششیں جاری رکھیں گے، ژوب [illegible]، ٹیلی فون ٹاورز کی تنصیب مختلف تعلیمی اداروں کا قیام سمیت مختلف کاموں کیلئے پہلے بھی آواز بلند کرتے رہے ہیں اور ان ترقیاتی کاموں کی تکمیل کیلئے ملی شہید عثمان خان کاکڑ نے پسماندہ علاقوں کے کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے بھرپور آواز بلند کی تھی اور اس کی جدوجہد کے نتیجے میں مختلف ترقیاتی کام شروع ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ اور حکمرانی کے اصل حقدار عوام ہے اور ہم صرف ایوانوں میں نمائندگی کرتے ہیں ہمارے غیور عوام جو بھی مطالبات کرتے ہوئے حکم کرینگے ہم انہیں ماننے اور انہیں حکمرانوں تک پہنچانے اور انکے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ وطن دوست، عوام دوست سیاست اور پارٹی کی اہمیت مسلمہ اور برحقیقت ہے لیکن ہمارے غیور عوام نے سیاست اور پارٹیوں اور قبائلی تنازعات سے بالاتر ہو کر ایک ہونا ہوگا جس طرح یہاں کے غیور عوام نے ہر قسم کے اختلافات و تعلقات سے بالاتر ہو کر پشتونخوا نیپ کو گزشتہ انتخابات میں بھرپور کامیابی دلائی اس پر ہم تمام غیور عوام کے مشکور ہیں اور ان کی جانب سے دی گئی نمائندگی کے ذریعے محکوم اقوام اور مظلوم انسانیت کی حقوق و اختیارات کے حصول کیلئے جدوجہد کو مزید تیز کرینگے۔

بقیہ 35

نس میں مختلف ممالک کے نمائندگان، ماہرین صحت اور ترقیاتی شراکت دار شریک ہوئے صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن، صحت کے اعداد و شمار کے مؤثر استعمال، رپورٹنگ کے نظام میں بہتری اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کے حوالے سے صوبائی اقدامات کو اجاگر کیا اس موقع پر اوسلو یونیورسٹی، ناروے کی جانب سے بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات اور صحت کے نظام کو ڈیجیٹل خطوط پر استوار کرنے کے اقدامات کو سراہا گیا۔ بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ تجربے کو صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کی ایک مثال کے طور پر بھی پیش کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی فورم پر بلوچستان کی ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات کو ملنے والی پذیرائی پر اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات کو عالمی سطح پر پذیرائی ملنا باعث اطمینان ہے۔ اوسلو یونیورسٹی سمیت بین الاقوامی شراکت داروں کی جانب سے بلوچستان کی اصلاحات کی پذیرائی حوصلہ افزا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ تجربے کو بین الاقوامی فورم پر پیش کیا جانا صوبے کی اصلاحاتی کاوشوں کا اعتراف ہے صحت کے نظام کی ڈیجیٹلائزیشن جدید اور مؤثر گورننس کی جانب اہم پیش رفت ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان ٹیکنالوجی اور ڈیٹا پر مبنی نظام کے ذریعے صحت کے شعبے میں شفافیت اور جوابدہی کو مزید مضبوط بنا رہی ہے۔ ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات کا مقصد ٹیکنالوجی کو عوامی صحت کی خدمات میں عملی بہتری کا ذریعہ بنانا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل ڈیٹا اور بین الاقوامی تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے اصلاحات کا سفر جاری رکھے گی۔

بقیہ 36

وئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو یہاں ملاقات کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی اختر بلوچ، شاہجہان گجر اور دیگر بھی موجود تھے۔ حاجی خان محمد بزنجو نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کی جدوجہد کی ہے

جلسہ عام سے پشتونخوامیپ کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی و دیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب فرمائینگے

شہدائے جمہوریت و شہدائے وطن کی برسی پر 7 اکتوبر ژوب میں مرکزی جلسہ عام ہوگا، پشتونخوامیپ

جلسہ عام باز محمد شہید پارک میں صبح 10 بجے منعقد ہوگا، تمام جمہوریت پسند عوام سے شرکت کی اپیل، مرکزی بیان

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان ملاقات کر رہے ہیں

صوبے کی ڈیجیٹل ہیلتھ پالیسی اور اصلاحات کو 26 ممالک کی شرکت والی بین الاقوامی کانفرنس میں نمایاں کیا گیا

بلوچستان محکمہ صحت کے شعبے کی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی

بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل اور صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا گیا

صوبائی مشیر بلدیات کی عبدالمجید بادینی سے ملاقات

سیاسی سرگرمیوں اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ملاقات

پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے، حاجی خان محمد بڑیچ

جنگ میں بلوچستانی عوام اپنے حکومت اور ریاست کے ساتھ کھڑی ہے

دہشتگردوں کے سہولت کاروں اور انکے سیاسی آلہ کاروں کے منصوبے ناکام بنائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ اور عوام کی فلاح کیلئے کام کیا ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت صوبے میں بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بر (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ میں بجلی کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ گھریلو صارفین اور صنعتی شعبے فلور ملز کو بھی شدید مشکلات سے دوچار

بجلی کی فراہمی میں بہتری کے بغیر صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کا فروغ ممکن نہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے نہ صرف گھریلو صارفین بلکہ صنعتی شعبے اور فلور ملز کو بھی شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ سریاب روڈ سمال انڈسٹریز سے وابستہ صنعتکاروں اور فلور ملز مالکان کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

قومی اسمبلی میں پشتونخوامیپ کو نمائندگی ملنے سے ژوب کے غیور عوام کا بھرم رہا ہے، خوشحال خان کاکڑ

تمام سیاسی و علاقائی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی اتحاد قائم کرنا ہوگا، خوشحال خان کاکڑ

ڈی ای او ہرنائی کا ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ

آج قوم کی نظریں علماء حق کی جانب مرکوز ہیں، جمعیت (ف)

پاسداری اور باطل قوتوں کے مذموم عزائم کی مزاحمت میں ہمیشہ علماء کرام نے قائدانہ اور تاریخی کردار ادا کیا ہے

ملک و قوم کو درپیش مسائل سے نجات اور صحیح سمت کے تعین کیلئے علماء حق کی قیادت وقت کی اہم ضرورت ہے

بلوچستان پولیس کی تین ہفتوں میں کارروائیاں، 838 ملزمان گرفتار، 8 مغوی بازیاب

20 موٹرسائیکلیں اور 12 موبائل فونز بھی برآمد کر لیے گئے، 2500 سے زائد گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے، پولیس حکام

4 کلاشنکوف، 122 پسٹل اور 8 شارٹ گن کے علاوہ 787 گولیاں اور 70 میگزین برآمد، گرفتار ملزمان سے 3 مسروقہ گاڑیاں برآمد

ڈاکٹر سلیم زرکون کا مختلف سکولوں کا اچانک دورہ

تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائیگی

پاکستان مانیٹرنگ موومنٹ کے جاب فیئر میں نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت

کوئٹہ: ڈائریکٹوریٹ ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان ندیم احمد شیخ صنفی بنیاد پر تشدد سے تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پرندوں کو نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی، اسداللہ

پھندے لگانے، پکڑنے، نقل و حمل اور خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں

کیچ (بلوچستان) میں خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ

کروڑوں روپے مالیت کی 3825 کلوگرام منشیات برآمد

منشیات سے پاک پاکستان کی منزل کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا

ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع مقبول احمد کی زیر صدارت اجلاس

متعلقہ حکام تک مسائل کی موثر نشاندہی کیلئے مختلف تجاویز پر بھی تبادلہ خیال

زراعت کی بہتری، مختلف زرعی مسائل کے حل اور فیلڈ سرگرمیوں کی موثر رپورٹنگ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں نئے تعینات ہونے کے افسران اور فیلڈ اسٹاف نے شرکت کی اجلاس میں ضلع گوادر کی مختلف تحصیلوں، یونین کونسلز اور دیگر زرعی علاقوں میں در (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی کامیاب کاروائی

انصاف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت برقرار رکھتے ہوئے بینظیر انکم (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

معروف تعلیمی اداروں سے تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں

کمشنر سبی کی زیر صدارت (CRC) کا اجلاس

دستاویزات، تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کا باریک بینی سے معائنہ

پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ کمیٹی رکن محمد صدیق کاکڑ کی اہلیہ وفات پاگئیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کے رکن حاجی محمد صدیق کاکڑ کی اہلیہ، ایڈووکیٹ منظور کاکڑ، جمیل کاکڑ کی والدہ ماجدہ وفات پاگئیں۔ دریں اثناء (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان کی زیر صدارت اجلاس

لورالائی (خ ن) ای پی آئی کانفرنس ہال لورالائی میں ای پی آئی ویکسینیٹرز کے دوسرے شیڈول کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان کی زیر نگرانی منعقد ہوا، جس میں ای پی آئی پروگرام کی کارکردگی ویکسینیشن اہداف، فیلڈ سرگرمیوں اور مختلف علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر شاہ زمان حمزہ زئی، ڈویژنل پولیو آفیسر ڈاکٹر حنیف لونی، ایم این ای آفیسر سید رفیع اللہ شاہ (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان محکمہ زراعت کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرمایہ کاری بورڈ کی ترجیح صرف سرمایہ کاری لانا نہیں بلکہ سرمایہ کاری کو کامیاب بنانا ہے

بلوچستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے غیر معمولی معاشی امکانات ہیں، بلال کاکڑ

ایک شعبے یا ایک بڑے منصوبے پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی پوری معیشت کو متحرک کرنے کیلئے کوشاں ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت بلوچستان کو ترقی کے لیے کسی ایک شعبے یا ایک بڑے منصوبے پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی پوری معیشت کو متحرک کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ ہمارا ہدف ایسا معاشی ماحول تشکیل دینا ہے جہاں مقامی کاروبار آگے بڑھیں، نوجوان روزگار کے بجائے روزگار پیدا کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

اے ڈی سی لورالائی کی زیر صدارت ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس

افسران اپنے اپنے علاقوں میں امن و امان کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھیں

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل کمشنر لورالائی ڈویژن اعجاز احمد جعفر کی زیر صدارت ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں امن و امان سیکیورٹی صورتحال، انتظامی امور اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع، ڈی ایس پی کلیم اللہ مندوخیل، ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر ہرنائی، ڈپٹی کمشنر دکی، ڈپٹی کمشنر زیارت سمیت آئی بی، ایم آئی، سی ٹی ڈی، ایکسائز، پولیس، ایف سی اور دیگر انٹیلیجنس و سیکیورٹی اداروں کے نمائندگان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون کی گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنداخہ کے کلسٹر کا معائنہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون کی سربراہی میں کلسٹر انسپکشن کمیٹی گنداخہ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنداخہ کے کلسٹر کا تفصیلی معائنہ کیا معائنے کا مقصد کلسٹر کے تحت مختلف اسکولوں کے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

چیئرمین گوادر پورٹ کا گوادر ایمبولینس سروس کے انچارج سے ملاقات

گوادر پورٹ کی جانب سے ایک ایمبولینس گوادر ایمبولینس سروس کے حوالے کی گئی

گوادر (آن لائن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے گوادر ایمبولینس سروس کے انچارج نسیم بلوچ سے ملاقات کی، جس کے ملاقات میں گوادر پورٹ کی جانب سے ایک ایمبولینس گوادر ایمبولینس سروس کے حوالے کی گئی اس موقع پر نسیم بلوچ نے چیئرمین گوادر پورٹ کو ایمبولینس سروس کی ضروریات، دستیاب سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی ہنگامی طبی خدمات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ہنگامی حالات میں مریضوں کی بروقت منتقلی اور طبی امداد کی فراہمی کے حوالے سے درپیش ضروریات بھی آگاہ کیا چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

مستونگ میں تندور مافیا بے قابو، غریب عوام کو روٹی کے نام پر لوٹنے کا سلسلہ جاری، روٹی کی سائز انتہائی محدود

مستونگ (آن لائن) مستونگ میں تندور مافیا بے قابو، غریب عوام کو روٹی کے نام پر لوٹنے کا سلسلہ جاری، روٹی کی سائز انتہائی محدود، انتظامیہ کی پراسرار خاموشی نے کئی سوالات کھڑے کر دیئے۔ شہر میں چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام نہ ہونے کے باعث تندور مالکان کی (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری بلوچستان اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عبدالغفور جمالی کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گنداواہ کا دورہ

والی طبی سہولیات اور ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے جائزہ لیا

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں دستیاب ادویات مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق آرائیں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال میں موجود مختلف اقسام کی ادویات ان کے اسٹاک کی موجودہ صورتحال مریضوں کو ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

کوئٹہ چمن شاہراہ پر بھتہ خوری و شہریوں پر تشدد قابل مذمت ہے، پشتونخوامیپ چمن

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے جاری کردہ بیان میں چمن کوئٹہ شاہراہ، میزئی اڈہ پر غریب ٹرک ڈرائیوروں سے کھلی بھتہ خوری نہ دینے یا مزاحمت پر مار پیٹ، مال بردار ٹرکوں کو روکنا ان کے شیشے توڑنا ڈرائیوروں و ٹرانسپورٹروں کو زدوکوب کرنا ان پر بدترین تشدد کو (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

استاد کسی بھی قوم کا حقیقی معمار ہوتا ہے، پروفیسر سعد اللہ بڑیچ

گہری سمجھ اور فکری پختگی شامل ہوتی ہے، پی ای ایف کی تقریب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (بلوچستان چیپٹر) کے زیر اہتمام یوم اساتذہ پر تو نہ ہوتا میں خاک نشین ہوتا کے عنوان سے تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں شہر کے مختلف سکولوں کے طلباء و طالبات نے شرکت نے مقابلے کے ججز ادیب شاعر ڈرامہ نگار افضل مراد، طلعت الرحمٰن ایڈووکیٹ اور پروفیسر وسیع اختر تھے جبکہ مہمان خصوصی پروفیسر سعد اللہ بڑیچ جبکہ پی ای ایف کے ممبران جنرل سیکرٹری محمد انور کاکڑ بجزانچی پروفیسر (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

بوائز ڈگری کالج ژوب میں ٹیچر ڈے کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد

ژوب (خ ن) بوائز ڈگری کالج ژوب میں ٹیچر ڈے کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کالج کے پرنسپل پروفیسر عبدالرحمٰن امین کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں اساتذہ کرام اور طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی، تقریب کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن مجید (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا رات گئے اچانک دورہ

عملے کی حاضری اور مریضوں کی دیکھ بھال کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ

لورالائی (خ ن) ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی نے رات گئے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا اچانک دورہ کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے، جبکہ بے گناہ افراد کو بھی محض الزامات کی بنیاد پر ہراساں نہ کیا جائے

ہزار گنجی کے تاجر کاروباری مشکلات اور عدم تحفظ کی صورتحال سے دوچار ہیں، پشتونخوانیپ

انتظامیہ تاجروں کو تحفظ دینے میں ناکام رہی تو پارٹی تاجروں کے جائز حقوق کیلئے ہر آئینی، جمہوری اور قانونی فورم پر آواز بلند کرے گی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوئٹہ کے اہم تجارتی مرکز ہزار گنجی میں تاجروں اور دکانداروں پر ان کی مرضی اور رضامندی کے بغیر چوکیداری کا نظام مسلط کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے تاجروں کے بنیادی حقوق، آزادی اور عزت نفس کے خلاف کھلی زیادتی قرار دیا ہے۔ پارٹی نے کہا ہے کہ ہزار گنجی کے تاجر پہلے ہی امن و امان، کاروباری مشکلات اور عدم تحفظ کی صورتحال سے دوچار (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی جانب سے پی آر ایس این کے پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین اور دیگر ہیومز کے طلباء، اساتذہ اور ممبران میں کتابیں تقسیم کر رہے ہیں

ایس پی صدر کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں اور برآمدگی پر اطمینان کا اظہار

جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے عوام کے تعاون سے کارروائیاں جاری رکھے گی، شفقت امیر جنجوعہ

کوئٹہ (آن لائن) ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ اور ایس پی سٹی آصف غفور نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لئے عوام کے تعاون سے کارروائیاں جاری رکھے گی اور نیو چلاک کے علاقے میں عوام کی درخواست پر ایگل اسکواڈ کے گشت کو بڑھاتے ہوئے 8 جوانوں کو تعینات کر دیا گیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت مختلف کیسوں کی سماعت

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت نیو ٹاؤن میں غیر قانونی قبضوں، ناجائز تجاوزات اور اصل الاٹیز کے معاملات سے متعلق سماعت منعقد ہوئی۔ سماعت میں پروجیکٹ ڈائریکٹر نیو ٹاؤن ڈاکٹر عبدالشکور اور نائب تحصیلداران سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ سماعت کے دوران مجموعی طور پر پانچ کیسز پیش کیے گئے، جن میں 10 فریقین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اصل الاٹیز اور قابضین کا موقف تفصیل سے سنا اور فریقین کو ہدایت کی کہ وہ باہمی افہام و (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کا دورہ کیا، جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالحفیظ بلوچ اور ہسپتال کے دیگر عملے نے ان کا استقبال کیا۔ چیئرمین گوادر پورٹ نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور علاج معالجے کی صورتحال کا جائزہ لیا چیئرمین گوا (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی شاندار کامیابی

شناختی کارڈ کے اجراء میں بلاجواز تاخیر کا نوٹس، سائل کو انصاف مل گیا

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل دفتر خضدار نے سرکاری محکموں کی زیادتیوں کے خلاف عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے، نادرا کی جانب سے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں ہونے والی بلاجواز تاخیر پر سوراب کے رہائشی کو انصاف فراہم کر دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں سائل کو نیا شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ڈاکخانہ خالق آباد (علاقہ جوحان، ضلع سوراب) کے رہائشی سائل امام داد ولد غلام مصطفیٰ نے وفاقی محتسب ریجنل دفتر خضدار میں ایک تحر (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

چاول کی فصل میں لیف فولڈر بیماری کا بڑھتا ہوا حملہ، 70 سے 80 فیصد متاثرہ فصل کی اطلاع

صحبت پور (آن لائن) چیئرمین ضلع کونسل صحبت پور مسعود خان کھوسہ نے چاول کی فصل میں لیف فولڈر بیماری کا بڑھتا ہوا حملہ، 70 سے 80 فیصد متاثرہ فصل کی اطلاع پر ضلعی کونسل کا محکمہ زراعت کو فوری حفاظتی و تدارکی اقدامات، فیلڈ وزٹس اور کاشتکاروں میں آگاہی مہم شروع کر (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

سلیم کھوسہ سے اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی کی ملاقات

ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے

عوام کو بہتر سفری و بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی لیڈر پاکستان مسلم لیگ (ن) و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ سے اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی انجینئر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، محمد خان لہڑی اور اراکین بلوچستان اسمبلی اصغر خان ترین، زرک خان مندوخیل اور میر زاہد ریکی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، صوبے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیر صدارت ضلع کیچ میں قائم کرش پلانٹس کے مالکان کا اہم اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ضلع کیچ میں قائم کرش پلانٹس کے مالکان کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کرش پلانٹس کی رجسٹریشن، ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد، ماحولیاتی آلودگی کے تدارک اور کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کے تحت (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری و اراکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، اختر بی بی، وفاق وفاقی وزیر خلیل جارج، زینت شاہوانی، حیدر خان اچکزئی، فائزہ، فاطمہ خان سمیت دیگر مسلم لیگ اقلیتی خواتین کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com